© rasailojaraid.com



تلخیص و تسہیل ان کے ایک مایۂ ناز خلیفہ مولانا عبدالحیؒ کے قلم سے صفحات ۱۱۲ ، ناشر مکتبہ قاسم العلوم جے دن ۱۴۰/ کورنگی کراچی ۔

**تمرین النحو** :۔۔۔ از مولانا محمد مصطفیٰ ندویؒ اضافہ از مولانا عبدالماجد ندوی ، صفحات ۱۳۲ ، قیمت ۵/۵۰ روپے ۔

**تمرین الصرف** :۔۔۔ از مولانا معین اللہ ندوی صفحات ۱۱۲ پہلی کتاب علم نحو اور دوسری علم صرف پر جدید طرز پر صرف و نحو کی مشقی کتاب اردو دان طبقہ کے علاوہ مدارس عربیہ کے طلبہ کے لئے بھی بے حد مفید ہر دو کتابوں پر مولانا ابو الحسن علی ندوی کا مقدمہ ہے ۔ اور دونوں کا ناشر: مجلس نشریات اسلام اے کے ۳ ناظم آباد کراچی ۔

**صیانۃ الحدیث حصہ دوم** :۔۔۔ از مولانا عبدالرؤف رحمانی جھنڈانگری سراج العلوم جھنڈانگر نیپال انڈیا ۔ صفحات ۲۰۰ ، قیمت ۶/ روپے ۔ حجیۃ حدیث پر ایک وقیع اور عالمانہ کتاب کا دوسرا حصہ جس میں تدوین و حفاظت حدیث کے سلسلہ میں جلیل القدر تابعین اور محدثین عظام کا مختصر مگر مستند تذکرہ بھی آگیا ہے ۔

**مقامع الحدید علی الکذاب العنید** :۔۔۔ بریلوی طبقہ کے ایک رسالہ المصباح الجدید کی تہمت طرازیوں کا جواب اور رضا خانی عقائد مؤلفہ محمد حنیف اعظمی مبارکپوری ۔ انڈیا کی کتاب کا عکسی ایڈیشن ہے ، صفحات ۹۶ قیمت ۳/ روپے ۔ ناشر :۔ انجمن ارشاد المسلمین ۶ ، بی شاداب کالونی ٹمپل روڈ لاہور ۔

**جامع الآراء فی مراتب الخلفاء** :۔۔۔ از مولانا لعل شاہ بخاری مدنی مسجد واہ کینٹ صفحات ۹۶ ، قیمت ۶/۵۰ روپے ۔ خلفائے راشدین کے مناقب و مراتب پر صحابہ کرام تابعین ائمہ عظام کے اقوال و تحریرات کی روشنی میں ایک سیر حاصل تبصرہ ۔ (س ح)

**زمزمۂ حق** | مؤلف : حافظ محمد ظہور الحق ظہور ناشر : مکتبہ رشیدیہ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی صفحات : ۱۲۸ ، طباعت : عمدہ قیمت ۷/ روپے ۔

حافظ محمد ظہور الحق ظہورؔ خوش فکر شاعر ہیں ۔ ان کا زیر نظر مجموعۂ کلام حمد و نعت ، منقبت صحابہؓ اور قومی و ملی منظومات پر مشتمل ہے ۔ وہ اُن قومی روایات کے امین ہیں جن کی داغ بیل مولانا حالیؔ نے ڈالی اور علامہ اقبالؒ نے انہیں صیقل کیا ۔ حافظ ظہور صاحب کے اشعار حالی کی طرح پُر خلوص ، سادہ اور " از دل خیزد بر دل ریزد " کے مصداق ہیں ۔ انہوں نے دوٹوک اور واضح الفاظ میں دینی دعوت پیش کرنے کا اسوۂ انبیاء سامنے رکھا ہے ۔ (اختر راہی)

❁ ❁

© rasailojaraid.com